سوال

(252)خطبہ شرع شریف میں کس کو کہتے ہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خطبہ شرع شریف میں کس کو کہتے ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خطبہ شرع شریف میں اس کلام کا نام ہے جو ذکر اللہ اور تشہد (شہادتین) اور درود اور وعظ پر مشتمل ہو۔ مشکوۃ شریف مطبوعہ انصاری دہلی ص:115 کے حاشیہ میں ہے : ''الخطبة فی الشرع : عبارۃ عن کلام یشتمل علی الذکر والتشہد والصلوۃ والوعظ ،،

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 396

محدث فتویٰ